پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو ۔ کنیڈا
قیمت : ۵۰ سینٹ
بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار
جلد : ۱۰
شمارہ : ۴

ملک میں صرف ایک ”اسلامی“ یا ”پاکستانی“ پارٹی ہونی چاہیے

اسلام میں سیاسی جماعتوں کی کوئی گنجائش نہیں ۔ سابق فوجیوں سے صدر کا خطاب

سابق فوجیوں کو وفاقی مشاورتی کونسل میں شامل کیا جائے گا

کونسل کے ارکان کے ناموں کا ماہ رواں میں اعلان کر دیا جائے گا

راولپنڈی ۔۔۔ صدر مملکت اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ اسلامی نظریہ کے مطابق کسی سیاسی جماعت کی کوئی گنجائش نہیں ہے انہوں نے یہاں سابق فوجیوں کے کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صرف ایک اسلام کی پارٹی یا پاکستانی پارٹی ہونی چاہیے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سابق فوجی اسلام کی پارٹی یا پاکستانی پارٹی میں زیادہ دلچسپی لیں گے اور اس کی تشکیل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک انتہائی نازک مرحلے سے گذر رہا ہے اور موجودہ حالات میں ملک و ملت کے لئے ان کی خدمات بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ صدر جنرل ضیاء نے کنونشن کو بتایا کہ انہوں نے سابق فوجیوں کو وفاقی مشاورتی کونسل میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مشاورتی کونسل کے ارکان کے ناموں کا اعلان آئندہ ماہ (جنوری) کیا جائے گا۔

”بھارت نے ہمیشہ پاکستان پر رحم کھانے کی غلطی کی ہے“

پاکستان پر حملے میں بڑی طاقتوں کا خوف مانع نہیں : اندرا گاندھی

کابل حکومت نے پی آئی اے کے طیارے کے بدلے رہا ہونے والے سیاسی قیدیوں کو بھارت کے ذریعے ترکی بھیج دیا

کابل روانہ ہونے سے قبل دہلی ایئرپورٹ پر ۲۹ پاکستانیوں کی تلاشی

افغان فضائی کمپنی کی طرف سے ۲۸ افراد کو کابل بھیجنے کی تصدیق

کینیڈا میں ایک مرحوم پاکستانی نوجوان کو بہادری کا اعزاز دیا گیا

جلال الدین اندسلطان ، ایک بچی کو دریا سے نکالنے کی کوشش میں خود ڈوب گیا تھا

۹ ارکان پر مشتمل پنجاب کی کابینہ نے حلف اٹھا لیا

وزراء میں میاں صلاح الدین ، ملک اللہ یار اور نوابزادہ ذاکر قریشی شامل ہیں

بیگم بھٹو نے جیل میں بھوک ہڑتال ختم کر دی

مس بے نظیر بھٹو کا طبی معائنہ

قابل اعتراض نعرے لگانے پر قید اور جرمانے کی سزا

یہ مسلمان کب ہے؟

"یہ مسلمان کب ہے، یہ تو بہت اچھا آدمی ہے، ہم ہندوؤں سے بھی اچھا۔"

غیر مسلموں کے منہ سے اپنے لئے یہ جملے سن کر میں رو پڑا اور آج بھی جب وہ موقع یاد آتا ہے تو دل بھر آتا ہے۔

۱۹۶۳ء میں ایک بار چند غیر مسلم نوجوانوں نے مجھے راستے میں روک کر کہا کہ ایک ہندو لڑکی کو اغوا کر کے یہاں لایا گیا ہے وہ ایک ہفتے سے فلاں کے گھر میں ہے ہم نے پوری کوشش کی لیکن لڑکی کو وہ لوگ نہیں دے رہے ہیں کیا آپ بھی چاہتے ہیں کہ یہاں فرقہ وارانہ فساد ہو جائے؟

میں نے ان کی طرف غور سے دیکھا علاقہ ہی کے لوگ تھے۔ ایک نوجوان نے آگے بڑھ کر کہا: "مجھے آپ نے پہچانا نہیں! آج سے پانچ چھ سال پیشتر میری ماں میری فیس جمع کرنے کے لئے سخت پریشان تھی اور چاندی کا اپنا آخری زیور فروخت کرنے کی غرض سے صراف کی دوکان پر روتی کھڑی تھی۔ اس زیور کی جو قیمت صراف دے رہا تھا وہ نامناسب تھی علاوہ میری فیس کے لئے بالکل ناکافی تھی۔ آپ بھی اسی دوکان پر موجود تھے۔

جب میری ماں مایوس ہو کر آبدیدہ دوکان سے اتری تو آپ بھی باہر آگئے اور تھوڑی دور چل کر آپ نے دھیرے سے میری ماں کے ہاتھ میں کچھ روپے رکھ دیئے اس وقت آپ کے پاس شاید اسی قدر رقم تھی کیونکہ آپ کے چہرے سے عیاں تھا کہ اگر آپ کی جیب میں اور پیسے ہوتے تو آپ وہ بھی دے دیتے۔ حالانکہ وہ رقم میری فیس سے کہیں زیادہ تھی۔ آپ نے زیور بھی واپس کر دیا تھا اور مجھے یاد ہے کہ آپ کی آنکھیں ڈبڈبائی ہوئی تھیں۔ آپ نے اپنا چہرہ دوسری طرف پھیر لیا تھا۔"

میں نے کہا مجھے یاد نہیں یہ کب کی بات ہے۔ البتہ یہ بتاؤ کہ اس لڑکی کے سلسلے میں تم لوگ مجھ سے کس قسم کی مدد چاہتے ہو۔ اسی لڑکے نے کہا کہ آج رات اس گھر پر حملہ ہو گا۔ ہم سب تیار ہو چکے ہیں اور وقت بھی مقرر ہو چکا ہے ہر طرح کے حالات کا مقابلہ کرنے کا بندوبست کر لیا گیا ہے۔ اگر دوسرے لوگ اس کی مدد کو آئیں گے تو ان سے بھی نمٹا جائے گا۔ ہم نے سوچا کہ آپ بھی تو مسلمان ہیں آخری طور پر آپ سے بھی بتا دیا جائے۔ ابھی آٹھ گھنٹے باقی ہیں اس کے اندر اگر آپ کچھ کر لیں تو ٹھیک ہے یا پھر آپ یہاں سے چلے جائیں۔

ورنہ اگر کہیں آپ کو کچھ ہو گیا تو میری ماں مجھے عمر بھر نہیں معاف کرے گی وہ آپ کو دیوتا سمجھتی ہے۔"

میں نے تھوڑی دیر سوچا پھر ان سے کہا آج کی تیاری میں آپ لوگوں کے علاوہ جو لوگ شامل ہوں گے کیا ان کو بھی مجھ پر بھروسہ ہے یعنی اگر میں یہ کہوں کہ آج کی رات اور کل کا دن مجھے موقع دیا جائے کہ میں اس لڑکی کو تلاش کر لوں اور کل شام تک کوئی جواب دوں تو کیا وہ لوگ میری بات کا یقین کر لیں گے۔ انھوں نے یک زبان ہو کر کہا کہ اگر آپ نیند کی حالت میں بھی کوئی وعدہ کریں گے تو ہم اس کا یقین کر لیں گے کیونکہ "آپ دوسرے مسلمانوں کی طرح جھوٹ نہیں بولتے آپ مسلمان کب ہیں آپ تو ہندوؤں سے بھی اچھے آدمی ہیں۔"

میں ان کے اس ریمارک پر رو پڑا، اپنے کو سنبھال کر ان سے کہا کہ جاؤ سب کو کہہ دو کہ مجھے کل شام تک کا موقع دیں۔ وہ لوگ تو چلے گئے اور میں بوجھل قدموں اور مغموم دل کے ساتھ اس آدمی کے گھر کی طرف چل پڑا جس کی ان لوگوں نے نشاندہی کی تھی۔ وہاں اس شخص کی بیوی نے بتایا کہ یہاں میرے دور کے رشتے دار کا ایک لڑکا کسی ہندو لڑکی کو ایک ہفتہ پیشتر لایا تو تھا لیکن دو ہی تین دن کے بعد میرے شوہر کو لوگوں نے دھمکانا شروع کیا تو کل انھیں یہاں سے بھگا دیا گیا میرے دریافت کرنے پر عورت نے بتایا کہ بالکل صحیح تو نہیں کہہ سکتی البتہ شبہ ہے کہ فلاں گاؤں میں فلاں کے گھر گئے ہوں گے کیونکہ

ہماری طرح وہ بھی دور کا رشتہ دار ہے۔ وہ گاؤں یہاں سے ۱۲ میل دور تھا۔ بالکل دیہات۔ نہ کوئی سڑک نہ تھا سب راستہ۔ میں رات کے دس بجے پیدل اس گاؤں میں پہنچا۔ صرف کتوں نے حق نمک ادا کیا اور گاؤں والوں کو میری آمد کی خبر دی۔ گاؤں کے پردھان کا بستہ تھے میرے دوست تھے۔ وہ دروازے پر دالان میں سو رہے تھے انہیں جگایا اور اسی وقت دونوں مجرموں کو پکڑوا کر اپنے قدموں لیا

کچھ یادیں کچھ باتیں

چل پڑا۔ راستہ میں لڑکی نے موقع پا کر مجھ سے بتایا کہ میں مسلمان ہو چکی ہوں کلمہ پڑھ لیا ہے، کل سے نماز سیکھ رہی ہوں اور قرآن پڑھنے کی تیاری کر رہی ہوں۔

مجھے اس پوری مہم میں بھوک پیاس کا احساس تھا نہ تھکن محسوس کر رہا تھا لیکن لڑکی کی یہ باتیں سننے کے بعد اس قدر نڈھال ہو گیا کہ میرے لئے چلنا مشکل ہو گیا پردھان نے جلدی جلدی بیل گاڑی کسی خان صاحب اتنی ہی دور کے سفر میں بول گئے۔ میں انھیں کیا جواب دیتا، میں تو سورۂ ممتحنہ کی وہ آیتیں یاد کر رہا تھا کہ "جب کوئی مہاجر مومنہ تم میں آجائے تو تم اس کے ایمان کو جانچو اور اللہ اس کے ایمان سے باخبر ہے ہی پھر اسے کافروں کے حوالے ہرگز مت کرو۔" میں سخت مشکل میں پڑ گیا تھا اور اس کشمکش سے

نکلنے کے لئے کوئی راہ نظر نہیں آ رہی تھی۔ یا اللہ اب کیا ہو گا، تو ہی مدد کر۔ یہی کہتا ہوا گرتے پڑتے گھر پہنچا۔

صبح یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح ہر طرف پھیل چکی تھی کہ وہ لڑکی پکڑ دی گئی ہے پردھان میری دلی کیفیت کا اندازہ کر تو رہے تھے لیکن ان کی سمجھ میں یہ بات نہیں آ رہی تھی کہ میں نے پہلے تو اتنی سرگرمی دکھائی تھی اور اب یہ سرد مہری کیوں ہے۔ اسی وقت ایک آدمی بھیجکر لڑکی کے والدین کو بلایا گیا اور لڑکی ان کے سپرد کر دی گئی لیکن لڑکی ہزار بندشوں اور پابندیوں کے باوجود چھ دن نکل بھاگی۔ اب وہ تین بچوں کی ماں ہے اور لڑکیوں کے اسکول میں ملازم ہے۔ نماز روزہ کی سخت پابند۔ — فخر الحسن

اونٹ

واشنگٹن، ۲۰ اپریل [illegible]

[illegible]

دہلی اور ماسکو مل کر بنگال کے کانٹے کو نکال پھینکنے کا فیصلہ کر چکے ہیں

اد یب عثمانی

بنگال کا چاند صورت مشہور ہے اس کی اصلیت کیا ہے یہ کہنا بہت مشکل ہے مگر اس میں فرق کہ کتنی شادابی اور قدرتی حسن خوبصورت ... کا ساحلی حسن اس دل کھینچے ... اور جب ... بنگال کہا جاتا ہے۔

[illegible]

پاکستان کہا گیا۔

قائد اعظم کا مختصر دور حکومت گزرا۔ لیاقت علی خان شہید کر دیئے گئے ناظم الدین کی ... پاکستان ...

[illegible]

بنگلہ دیش کے ایوانِ صدر کا ایک خوبصورت منظر

[illegible]

پاکستان کو اپنی مرضی کے مطابق کسی بھی جگہ سے اسلحہ حاصل کرنے کا اختیار ہے مسز تھیچر کا اعلان

بھارت نے اپنے ہتھیاروں میں غیر معمولی اضافہ کیا ہے اسے یہ زیب نہیں دیتا کہ دوسرے خود مختار ملک کو اس کے حق سے محروم کرنے کی کوشش کرے

میں نے اندرا گاندھی کو پاکستان کے صدر ضیاء الحق کا پیغام پہنچا دیا ہے

مسز تھیچر

پاکستان گزشتہ ۲۰ سال تک توانائی کا مسئلہ حل کر لے گا

۲۰ سال میں گیس کے ذخائر ختم ہو جانے کا خدشہ

ایکی فوجی مداخلت پر تحریک استقلال کی تنقید

جمعیت علماء

قادیانی مسلمانوں کی جائیداد کے وارث نہیں ہو سکتے

شریعت محمدیہ، آئین اور ملکی قوانین کے تحت بھی قادیانی غیر مسلم ہیں

سول عدالتیں اعتقادات کا بھی فیصلہ کر سکتی ہیں: جسٹس افضل لون کا فیصلہ

سابق وزیر دفاع افغانستان جیب کا پاسپورٹ ضبط

اندرا گاندھی ڈکٹیٹر ہے: شیخ عبداللہ

WANTED

A Muslim Butcher

A Zabiha meat shop in Toronto urgently needs an experienced Butcher.

Please call Zain at:

Phone: (416)630-2540

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

ہندوستانی اور پاکستانی فلموں کی ویڈیو ٹیپس اور مشینیں کرایہ پر دستیاب ہیں۔ آج ہی فون کیجئے

PHONE: 463-1287

بھارت میں اس وقت مسلمانوں کا سب سے بڑا مسئلہ تحفظ کا ہے

مسلمانوں کے خلاف فسادات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے جن میں مسلح پولیس پیش پیش رہتی ہے

گذشتہ دس برس میں ایک فساد کی بھی عدالتی تحقیقات نہیں ہوئی

بھارت کے اقلیتوں کے کمیشن کے سابق چیئرمین جسٹس انصاری سے ملاقات

حدود صرف کاغذی سطح پر نافذ کی گئی ہیں ان پر عمل درآمد نہیں ہو رہا قاضی حسین احمد

پاکستان میں تا دیر نہ کوئی نظام رہ سکتا ہے اور نہ کوئی حکومت کامیاب ہو سکتی ہے

سکھ خالصتان کے حق میں نعرے لگاتے ہوئے بھارتی پارلیمنٹ میں گھس گئے

ایک دوسرے کو دیکھے بغیر شادی ناانصافی ہے

شادی سے قبل دیکھنا اور ہم کلام ہونا شریعت کے عین مطابق ہے

پنڈت نہرو نے مقبوضہ کشمیر میں ستھوب کو ناکام بنانے کے لیے ہر چالیس افراد پر ایک بھارتی فوجی تعینات کر دیا تھا

مسئلہ کشمیر پر بیس سال قبل کی تقریر کو غلط رنگ میں پیش کیا گیا ہے

بیگ کی وضاحت

روس بلوچستان میں تخریبی سرگرمیوں کے ذریعے ہمیں سبق دینا چاہتا ہے صدر ضیا

کابل حکومت کو تسلیم کرنے کے عوض افغانستان کے ساتھ مستقل سرحدی تصفیہ کی پیشکش قبول کرنے سے انکار پر روس ہم سے برہم ہے: عرب نیوز کو انٹرویو

پاکستان کو بھارت اور افغانستان کے درمیان سینڈوچ کرنے کی کوششیں ہو رہی ہیں

ہمارا سودے بازی پر رضامند نہ ہونا روس کے لیے ناقابل برداشت ہے

بھارت میں خودمختار ہندو صوبوں کے قیام کی تحریک زور پکڑ رہی ہے

اچھوتوں کے ساتھ ظلم اور معاشرتی زیادتیوں کی انتہا ہو گئی ہے

پاکستان کی آبادی — ۸ کروڑ ۹۰ لاکھ

امریکہ نے بھارت کو ایٹمی ایندھن فراہم کرنے سے انکار کر دیا

دونوں ملکوں کے درمیان تاراپور پلانٹ کے لئے ایٹمی ایندھن کی فراہمی کا تیس سالہ معاہدہ ختم کیا جا رہا ہے

بھارت نے نیا ایٹمی دھماکہ کرنے کی تیاریاں مکمل کر لیں

امریکہ کو تاثر دیا جائیگا کہ معاہدہ ختم ہونے سے بھارتی پروگرام متاثر نہیں ہوگا

لندن ۔۔۔۔۔ (رپورٹ) امریکہ نے بھارت کو ایٹمی ایندھن کی فراہمی سے انکار کر دیا ہے ...

کم سن ایشیائی لڑکی کے ساتھ زنا محض "لغزش"؟

لندن ۔۔۔۔۔ (نامہ نگار) ایک سابق طالب علم جس پر ایک ۱۳ سالہ ایشیائی لڑکی کے ساتھ زنا کا الزام تھا، گرینچ کے شیرف جج نے اس کے اس فعل کو محض "لغزش" قرار دے کر رہا کر دیا ہے ...

قاتل غیاث کیفر کردار تک پہنچنے کے مراحل میں



ہائی جیکروں کی گرفتاری میں مدد دینے والوں کو چار لاکھ روپے کے انعامات دیئے جائیں گے

بھٹو کی جائیداد کی منتقلی و فروخت پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی

سندھ ہائی کورٹ نے آٹھ لاکھ بیس ہزار روپے کی وصولی کے لیے سرکاری درخواست پر حکم جاری کر دیا

کراچی ۔۔۔۔۔ (نامہ نگار) سندھ ہائی کورٹ نے حکومت کی درخواست پر مرحوم سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد کو فروخت کرنے ...

اندرا کے خلاف سازش کے انکشاف کے بعد

بھارتی فضائی کمپنی کے پانچ اعلیٰ افسر برطرف

نئی دہلی ۔۔۔۔۔ (رپورٹ) ...

پاکستان کو امریکہ سے اسلحہ حاصل کرنیکا پورا حق ہے

(مرارجی ڈیسائی)

روس طاقت کے ذریعے دریائے خیبر تک پہنچ چکا ہے

نئی دہلی ۔۔۔۔۔ (رپورٹ) بھارت کے سابق وزیر اعظم مسٹر ڈیسائی نے کہا ہے کہ جب بھارت روس سے وسیع اسلحہ حاصل کر رہا ہے تو پاکستان کو بھی امریکہ سے اسلحہ حاصل کرنے کا پورا حق ہے ...

اندرا گاندھی کے تقریر کرتے ہوئے منہ سے مصنوعی دانت نکل گئے

قمار باز خواتین

کراچی ۔۔۔۔۔ (نامہ نگار) پولیس نے آج ... قمار بازی کے ایک اڈے پر چھاپہ مار کر پانچ قمار باز خواتین کو گرفتار کر لیا ...

بہادر شاہ ظفر کے پڑپوتے کی بیوہ کسمپرسی میں / بھارتی حکومت نے سو روپے کی پنشن بند کر دی

کلکتہ ۔۔۔۔۔ ...

حسینہ واجد ارمنی کو دو سال بھیجی گئی

ڈھاکہ ۔۔۔۔۔ (رپورٹ) ...

پندرہ روزہ
الہلال
ٹوبرانسٹولینڈ

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سن رکھو کہ اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

سکھوں کا مطالبہ

بھارت میں منعقد ہونے والے سکھوں کے ایک عالمی کنونشن میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ ملک سے ایک کروڑ ۴۰ لاکھ سکھوں کے لیے علیحدہ خود مختار وطن قائم کیا جائے۔ کنونشن میں سکھوں کی جانب سے کہا گیا کہ سکھوں سے دوسرے درجے کے شہریوں کا سا سلوک کیا جا رہا ہے۔ کنونشن میں منظور کی جانے والی ایک قرارداد میں اقوام متحدہ سے "دیش پنجاب" کے نام سے قائم ہونے والے اس ملک کو اقوام متحدہ کی رکنیت دینے کا بھی مطالبہ کیا گیا۔

ہمیں اپنے اس یقین اور ایمان کے تحت کہ برصغیر کبھی بھی ایک قوم یا ایک ملک نہیں رہا بلکہ یہ خطہ ارضی متعدد قوموں کا مسکن رہا ہے۔ اور یہاں قومی بنیادوں پر یہاں تاریخ کے مختلف ادوار میں متعدد ریاستیں اور ممالک وجود پذیر رہے ہیں۔ سکھوں کے اس مطالبے سے پورا پورا اتفاق ہے۔ ۱۹۴۷ء میں جن نظریاتی بنیادوں پر برصغیر کے مسلمانوں نے علیحدہ وطن کا مطالبہ کیا تھا انہی بنیادوں پر سکھوں کا الگ وطن کا مطالبہ درست ہے۔ ۱۹۸۱ء میں سکھوں کی طرف سے یہ مطالبہ گویا ایک تاریخی تجربے کے بعد اس امر کی تصدیق ہے کہ مسلمانوں کا مطالبہ پاکستان درست تھا۔ ہندوؤں کی اکثریت والی سرزمین پر مختلف مذہبی عقائد والی وہ اقلیتیں جو اپنا الگ جغرافیائی تشخص اور اتحاد رکھنے کے باعث مکمل قومی وجود اور درجہ رکھتی ہیں۔ ہندوؤں کے ساتھ ایک قوم اور ایک ملک کی بنیاد پر دہ ہی نہیں سکتیں۔ مسلمانوں نے یہ بات ۴۰ برس پہلے زمانے میں ہی سمجھ لی تھی اور بھارت کے دس کروڑ مسلمان آج بھی عملاً اس کا تجربہ کر رہے ہیں۔ ۳۴ سال کے اشتراک کے بعد بالآخر سکھ بھی اسی نتیجے پر پہنچ گئے۔ کاش سکھوں نے یہ بات اُس وقت بھی سوچی ہوتی کہ جب برصغیر کے ہندو، مسلمان اور سکھ ایک ہی وقت میں انگریزوں سے اپنی آزادی حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کر رہے تھے۔ اگر سکھوں نے یہ بات اُس وقت سمجھ کر صحیح قدم اٹھایا ہوتا اور اپنا پورا وزن ہندوؤں کے پلڑے میں ڈال کر مسلمانوں کی نسل کشی میں ہندوؤں سے اشتراک نہ کیا ہوتا تو آج برصغیر کے مسلمان اور سکھ دونوں اپنی اپنی جگہ آزاد اور زیادہ خوش ہوتے۔ بہرحال دیر آید درست آید۔

ہم شروع ہی سے سکھوں کے لیے علیحدہ ملک کے مطالبے سے بھی اصولی طور پر اتفاق ہے مگر یہ مطالبہ اس نام سے جس نام سے کیا ہے یعنی پنجاب دیش وہ ہمارے خیال میں درست نہیں ہے۔ ہمیں یہ محسوس ہوتا ہے کہ مخصوص کانگریسی ذہن کے کچھ عناصر اب بھی سکھوں کی صفوں میں ہیں۔ جنھوں نے اس مطالبے کی نظریاتی بنیاد کو کمزور کرنے کے لیے یہ نام تجویز کیا ہے۔ سکھوں کے علیحدہ وطن کے لیے ہمارے خیال میں خالصتان یا خالصہ دیش ہی کا نام زیادہ موزوں ہے۔ کیونکہ یہ مطالبہ وطن پنجاب کی آزادی اور خود مختاری کے نام پر نہیں بلکہ سکھوں کی آزادی و خود مختاری کے نام پر ہے۔ چنانچہ مطالبے کی یہ نظریاتی سمت مجوزہ ملک کے نام سے ظاہر و نمایاں ہونی چاہیے۔ جن کانگریسیوں نے سکھوں کے علیحدہ وطن کے لیے "پنجاب دیش" کا نام تجویز کرایا ہے ان کے پیش نظر دو مقاصد معلوم ہوتے ہیں۔ اول یہ کہ دنیا کو یہ پتہ نہ چلے کہ سکھ یہ مطالبہ اپنے سکھ ہونے کی بنیاد پر یعنی مذہبی قومیت کے نام پر کر رہے ہیں۔ دوسرا مقصد یہ ہے کہ یہ نام ہوگا تو پڑوس میں مغربی پنجاب کے مسلمان محض اس نام کی وجہ سے اس مطالبے کی پرجوش حمایت نہیں کریں گے۔ کیونکہ پنجاب تاریخی طور پر آبادی کے لحاظ سے کبھی بھی سکھوں یا ہندوؤں کا نہیں بلکہ مسلمانوں ہی کا صوبہ رہا ہے تقسیم سے پہلے سکھوں اور ہندوؤں کی مشترکہ آبادی بھی پنجاب کے مسلمانوں سے کم تھی۔ چنانچہ مشرقی پنجاب کے لیے اگر سکھ خالصتان یا خالصہ دیش کے نام سے علیحدہ وطن کا مطالبہ کریں تو یہ مسلمانوں کو اپنے پنجاب پر جارحیت محسوس نہیں ہوگی اور وہ اس کی پرجوش حمایت کریں گے۔ اپنے علیحدہ وطن کے لیے تحریک اٹھانے والے سکھوں کو یہ نکتہ اپنے ذہن میں رکھنا چاہیے۔ چنانچہ ہمیں واشنگٹن کے گنگا سنگھ ڈھلوں اور لندن کے جگجیت سنگھ جیسے روشن دماغ سکھوں کی اس رائے سے اتفاق ہے کہ مجوزہ ملک کا نام خالصتان ہونا چاہیے۔ یہ نام مسلمانوں کے لیے کسی طرح بھی اشتعال انگیز محسوس نہیں ہوگا۔ عجیب سی بات ہے کہ آخر سکھ اس ملک کے نام کے ذریعے کہ جس کا مطالبہ وہ سکھوں کے وطن کے طور پر کر رہے ہیں یہ بتانے سے کیوں شرماتے ہیں کہ یہ سکھوں کا ملک ہوگا۔ خدا کے لیے اس سردار مرگ نکتہ کو سمجھئے، نکلئے اور جو آزادی آپ مانگنے جا رہے ہیں اس ملک کا نام سکھوں سے منسوب کیجیے۔

(روزنامہ جنگ کراچی)

نعت نبی
عبدالعزیز خالد

مرا دل ہے مشغوف حبِ محمدؐ
پر از نشر عوارف، بہ حصر معارف، بہ ذکر بجا
کروں کیوں نہ خاکہ میں ذکر محمدؐ
قسم طور سینین وانجیر و زیتون و شہر امیں کی
پیمبر یہی کی، کتابِ مبیں کی، وکلا القنائیں کی
ہیں محدود و معدود وہ بے حد و بے نہایت
سراپا سلام و صلاح و فلاح و نجاح و نجابت
امین خدا ہے وفا اس کی خصلت حیا اس کی فطرت
ہے وہ صاحب تاج و معراج و سلطان و برہان و حجت
نشان اس کا ایفائے پیمان و صدق حدیث و ادائے امانت
وہ اُمی خزینہ علوم لدنی کا ہے جس کا سینہ
نہیں جس کو چرخ بریں پہ پہنچنے کو درکار زینہ
ہے شہ قلعہ افلاک میں جس کا اسری بعید، و سفینہ
شمیم گل تر کو شرمندہ کرے جس کا پسینہ
غلامی پہ جس کی کریں فخر زید و رباح و سفینہ!
جو مرفوع و مشروح سلطانِ صدق و صفا مرد میدانِ فقر و فنا ہے
کروں گفتگو اس ضمین و مکین و متین و مبین و مہین کی
نبوت کے حصن حصین کی
دیارِ عجم کے نگارِ حسیں کی
ملی روشنی جس سے علم و یقیں کی
سرافرازی بخشی ہیں جس نے دنیا و دیں کی
دی اربابِ معنی کو تعلیم قول رزیں کی
بیان و ہیں کی، بلاغ مبیں کی
جو مشکل ہے فریاد و نیاز زار و نزار و فگار و حزیں کی
امانت میں جس نے خیانت نہیں کی
شہادت ہے یہ آسمان و زمیں کی
گواہی ہے دورِ زمانہ کی، روح الامیں کی
ہیں یوم منقود و مشہود و محمود و موعود و مسعود وہ کا جس سے
حرف اں بخشا
ہوا ہے نہ ہوگا کوئی صاحب عدل و ارشاد اس سا
سحر گاہ تشکیل سے تا شامگاہِ قیامت امام نبی نوعِ انساں
زمیں تا گہ و زمان و مکاں ہے ضیائے محمدؐ
کلام آسمانی کا ہیں گوشوارے محمدؐ
کمال سخن ہے ثنائے محمدؐ!

اسلام اور زندگی کے مسائل

ابوسنا مدہر

اذان کب شروع ہوئی

س: نماز سے قبل اذان کب رائج ہوئی تھی اور شروع میں اس کے متعلق کیا ہوا ہے۔ اس کی تفصیل بتا دیں۔
محمد افضل۔ لاہور

ج: جس سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی اسی سال اذان شروع ہوئی۔ اس کے شروع ہونے کا سبب یہ ہوا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف لائے۔ لوگوں کو نماز کے اوقات کا جاننا دشوار تھا۔ لہٰذا سب نے باہم مشورہ کیا کہ کوئی بات ایسی ہونی چاہیے جس سے معلوم ہو جائے کہ نبی کریم کی نماز کا وقت آگیا ہے مختلف لوگوں نے مختلف رائیں دیں اور سب ایک بات پر متفق نہ ہو سکے آخر یہ مجلس برخاست ہو گئی۔ اس رات حضرت عبداللہ بن زید کو رات کو ایک فرشتہ خواب میں نظر آیا جس نے ان کو اذان اور اقامت سکھائی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی سے اس خواب کی مطابقت ہوئی۔ لہٰذا آپ نے اسی طرح اذان اور اقامت کا حکم دیا۔ اسی مضمون کی روایات احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ اور ترمذی میں ہیں۔ بخاری و مسلم میں حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ جب لوگوں میں اس بات کا زیادہ چرچا ہونے لگا کہ نماز کا وقت جاننے کے لیے کوئی علامت مقرر ہونی چاہیے۔ تو مختلف آراء کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلالؓ کو اذان کا حکم دیا کہ الفاظ اذان جفت اور الفاظ اقامت طاق ادا کیا کریں۔

نابالغ کا حج

س: ہمارے ہاں ایک شخص جو بچپن میں اپنے ماں باپ کے ساتھ حج کیا تھا یہ بتائیں کہ اس کا فرض ادا ہو گیا یا بالغ ہو کر اسے دوبارہ حج کرنا چاہیے جبکہ اللہ نے اسے توفیق بھی دی ہو۔
(محمد بشیر، کالا منڈی)

ج: اگر کوئی نابالغ حج کرے اور حج کے اعمال بجا لائے (سمجھ بوجھ سے) تو حج ہو گا۔ لیکن وہ حج جو بلوغ کے بعد فرض ہوا تو اس کا حاکم حج نہ ہو گا۔ اس کا احرام درست ہے اور حج کے اعمال میں سے کوئی عمل چھوٹ جائے تو کچھ لازم نہیں۔ کم عمر بچے کا اس کی طرف سے احرام باندھے اور حج کے اعمال جو ممکن ہو اس کو ساتھ رکھے چنانچہ طواف اور سعی اس کو ساتھ لے کر کرے اور عرفات کو ساتھ لے جائے۔

رکوع کا صحیح طریقہ

س: بعض لوگ رکوع میں جاتے ہیں تو ذرا سا جھک کر اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ رکوع کرنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟ اس کی وضاحت ضرور کریں۔ — عبدالرحمٰن۔ حافظ آباد

ج: مسنون یہ ہے کہ نمازی رکوع کی حالت میں اپنی گردن اور پشت کو ایک سیدھ میں رکھے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع کرتے تھے تو پشت ایسی ہموار ہوتی تھی کہ اگر اس پر پانی ڈالا جاتا تو اس پر ٹھہر جاتا اور آپ نے ارشاد فرمایا کہ رکوع سجدہ پورا ہونا چاہیے۔ مسلم میں ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع کرتے تھے تو سر مبارک کو نہ اونچا رکھتے تھے اور نہ جھکا کر رکھتے تھے۔

قضا نمازیں پڑھنے کے اوقات

س: بعض اوقات میں قضا نماز پڑھنا درست نہیں کیا ان اوقات میں قضا نمازیں بھی پڑھی جا سکتی ہیں یا نہیں کیونکہ کچھ لوگوں کے لیے خارج اوقات کو ایسے ہی جانتے ہیں۔

ج: تین اوقات میں تو قضا نماز کا پڑھنا ہی نہیں جائز ہے ایک طلوع آفتاب کے وقت، دوسرے ٹھیک دوپہر زوال کے وقت۔ تیسرے غروب کے وقت۔ ان کے علاوہ اوقات میں قضا نماز کا پڑھنا جائز ہے لیکن عصر کے بعد مکروہ ہے۔

ایک سجدہ — علامہ اقبال

بدل کے بھیس پھر آتے ہیں ہر زمانے میں
اگرچہ پیر ہے آدم، جواں ہیں لات و منات
یہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدے سے دیتا ہے آدمی کو نجات

ادب و ثقافت

تازہ بہ تازہ نو بہ نو

مہمانوں کی آمد اور روانگی

گزشتہ دنوں بیرون ملک کچھ مہمان تشریف لائے اور قیام کے بعد کراچی سے رخصت ہو گئے۔ ایک ... تاشقند یونیورسٹی میں اردو کے استاد ... کراچی میں مختصر قیام کیا اور پھر ... کچھ دن ... دوسرے مہمان ... ڈاکٹر رحیم رضا تھے جو دہلی یونیورسٹی میں اردو فارسی پڑھاتے ہیں انہوں نے لاہور اور کراچی میں مختصر قیام کیا اور اب یہاں سے بھارت گئے ہیں جہاں وہ حیدر آباد دکن، دہلی اور لکھنؤ ہوتے ہوئے واپس ... چلے جائیں گے۔ ڈاکٹر رحیم رضا نے کلکتہ یونیورسٹی سے فارسی ادب ... میں ایم اے کیا تھا پھر تہران ... سے پی ایچ ڈی کی ... میں مقیم ہیں۔

جوش زیر علاج ہیں

جوش ملیح آبادی گزشتہ ماہ کی ۲۰ تاریخ سے اسلام آباد کے سرکاری ہسپتال میں زیر علاج ہیں انہیں السر ہو گیا ہے۔

"سب رس" کا یاد رفتگاں نمبر

مجلہ سب رس کراچی کا "یاد رفتگاں نمبر" حصہ دوم جولائی سنہ میں اشاعت پذیر ہوا۔ اس شمارہ خاص میں علامہ عبدالعزیز میمن، فریدہ جاوید، مولانا ماہر القادری، سید سلیمان ندوی، خواجہ عبدالوحید، مولانا ... بشیر احمد ڈار، سرور بارہ بنکوی، ڈاکٹر غلام ... مولانا احتشام تھانوی، ڈاکٹر ... جعفر طاہر، پروفیسر عبدالحمید صدیقی، سعادت مرزا، ... سید عبدالمجید عدم، حکیم یوسف حسن اور ... پر خصوصی طور پر ... مقالات کی خوبیت کا اہتمام ہماری مرحوم ... کا تعارف ... شخصیات کے علمی و ادبی ... سے ... اشاعت ... خواجہ حمید الدین شاہد صاحب کے نام "ایوان اردو" ناظم آباد کراچی ... کے پتے پر ... کی خدمت ...

علاوہ ازیں سال ... "سب رس" بابت دسمبر ... لیے پروفیسر ... یاد میں ... وابستگان ... ادبی ... دستیاب ہو ... کا ... لے لیں۔

جناب عبدالعزیز خالد اور دام تجسس

لاہور کے تقریباً ماہنامہ ڈائجسٹ مثلاً اردو ڈائجسٹ، ترکی ڈائجسٹ، سیارہ ڈائجسٹ، حکایت اور خاص میں آج کل خالد صاحب کا ترانی شعری ترجمہ ہر ماہ چھپ رہا ہے۔ ... خالد صاحب کو ان ڈائجسٹوں سے یہ شکایت ہے کہ ان کے اس منظوم ترجمہ پر قارئین کی رائے سے انہیں آگاہ نہیں کیا جاتا لیکن خالد صاحب کی یہ شکایت ... ماہنامہ ... پوری کر دی ہے۔

مجلہ تحقیق — شیرانی نمبر

پنجاب یونیورسٹی کے کلیہ علوم اسلامیہ و ادبیات شرقیہ کے علمی جریدہ "مجلہ تحقیق" کا تازہ شمارہ شائع ہو گیا ہے۔ اس شمارے کو ممتاز محقق اور عالم حافظ محمود شیرانی کی صد سالہ جشن پیدائش کی تقریب کی مناسبت سے مخصوص کیا گیا ہے۔ اس خصوصی اشاعت میں محمود شیرانی کے خطوط یکجا کیے گئے ہیں جو انہوں نے مختلف علمی و تحقیقی مسائل اور اپنی کاوشوں کے تعلق سے اپنے والد اور دیگر مشاہیر کے نام وقتاً فوقتاً تحریر کیے تھے۔ ان خطوط کو مظہر محمود شیرانی نے مفید اور معلوماتی حواشی کے ساتھ مرتب کیا ہے اور اس مجلہ کی ادارت ڈاکٹر وحید قریشی نے کی ہے۔ یہ خصوصی اشاعت جو تمام تر خطوط پر مشتمل ہے اس اعتبار سے اہم اور مفید ہے کہ اس سے محمود شیرانی کی علمی و تحقیقی شخصیت اور ان کی کاوشوں کا ایک ایسا پہلو سامنے آتا ہے جو ابھی تک نظروں سے پوشیدہ اور تشنہ اظہار تھا۔ اس لحاظ سے اس کی ترتیب و اشاعت پر پنجاب یونیورسٹی اور اس کا متعلقہ شعبہ لائق تحسین ہیں۔

پریم چند کے منتخب افسانے

پریم چند کے منتخب افسانوں کا ایک مجموعہ حال ہی میں لاہور سے شائع ہوا ہے۔ افسانوں کا انتخاب ڈاکٹر حبیب اللہ خان نے کیا ہے اور انہوں نے ایک مختصر مقدمہ بھی لکھا ہے۔

نعت اور سلام

معروف افسانہ نگار اور شاعرہ وحیدہ نسیم کی لکھی ہوئی نعتوں اور چند سلاموں کا ایک مجموعہ گزشتہ ہفتہ کراچی سے شائع ہوا ہے۔

بھارت کی چند تازہ مطبوعات

ماہنامہ "روشن" — فانی نمبر

ماہنامہ "روشن" (بدایوں) نے اپنی ایک تازہ اشاعت کو فانی بدایونی کے لیے مخصوص کیا ہے۔ اس فانی نمبر میں فانی کی زندگی، شخصیت اور شاعری پر منظوم، منقدی اور سوانحی مضامین اور خاکے شامل کیے گئے ہیں۔ پاکستان کے ادیبوں میں سے ڈاکٹر محمد ایوب قادری اور تابش دہلوی کی علی الترتیب "تذکرۂ فانی" اور "کچھ یادیں کچھ باتیں" کے عنوان سے تحریریں شامل ہیں۔

عصری ادب — خواتین نمبر

ڈاکٹر محمد حسن کی ادارت میں دہلی سے شائع ہونے والے سہ ماہی ادبی مجلہ "عصری ادب" نے اپنی ایک تازہ اشاعت کو "خواتین خصوصی نمبر" کے طور پر شائع کیا ہے اس کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں خواتین افسانہ نگاروں اور شاعرات کی تخلیقات شامل کی گئی ہیں اور خود ان کے فن کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ پاکستانی خواتین کے نام ان میں نظر آتے ہیں ان میں رفیعہ منظور الامین، ساجدہ ہاشمی، عذرا اصغر، فاطمہ حسن، فہمیدہ ریاض، زہرہ نگاہ، جن کے افسانے اور نظمیں شامل ہیں۔ جائزوں کے تحت ممتاز نقاد نظیر صدیقی کا ایک جائزہ "فہمیدہ ریاض، کشور ناہید سے پروین شاکر تک" شامل ہے۔ دوسرے حصے میں مرد ادیبوں اور شاعروں کی تحریریں بھی ... شامل کی گئی ہیں جن میں ... فیض احمد فیض کی ایک ... نظم ... جو انہوں نے فلسطینی بچے کے لیے لکھی ہے اور ایک نظم "فلسطینی بچے" جو انہوں نے یاسر عرفات کی نذر کی ہے۔ کاش وہ اس طرح کی کوئی نظم پاکستان اور اس طرح کی کوئی لیڈی پاکستانی بچوں کے لیے بھی لکھ سکتے۔

مشرق مشرق ہے

چند دن قبل مشرقی ادب کے ایک مشہور بھارتی اداکار دلیپ کمار کا انٹرویو نشر کیا گیا۔ دلیپ کمار نے کہا کہ شہرت کے اس مقام پر پہنچ کر میں محسوس کرتا ہوں کہ کوئی آدمی اپنے ... سے ... کر گیا ... انکسار محسوس کرتا ہوں ... عوام کے لیے بہتر ... کا جذبہ ہے ... اور مجھے ... خوش قسمتی ... ایسی ... ہیں جن سے وہ ... سے محروم ہیں۔

یاد عرشی

(ادارہ ماہنامہ کراچی اقبال اکیڈمی حیدر آباد دکن بھارت) کے زیر اہتمام ملک کے ممتاز محقق اور عالم مولانا امتیاز علی عرشی مرحوم کی یاد میں ایک جلسہ کا انعقاد ... صدارت ڈاکٹر ... نے کی ... تلاوت کلام پاک از جناب ... نادری، خورشید ... "ادبیات عرشی" از جناب ... "عرشی صاحب کا مضمون" از جناب ... خیر ... "ایک مطالعہ" از جناب ... ڈاکٹر ... مجید ... اور ... ظہیر الدین ... اور ... شامل تھے۔

لاہور

پچھلے دنوں بزم نعت پاکستان لاہور کے زیر اہتمام ماہنامہ "شام و سحر" کے نعت نمبر کی تعارفی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت معروف انشاء پرداز پروفیسر محمد اقبال جاوید نے کی اور مہمان خصوصی شام و سحر کے مدیر خالد شفیق تھے۔ اس تقریب میں محمد ارشاد، پروفیسر اکرم رضا، راشد ... کاشمیری، آفتاب احمد نقوی، یزدانی جالندھری، عارف عبدالمتین اور خود صاحب صدر نے مقالات پڑھے۔

پروفیسر اقبال جاوید نے نعت نمبر کے مضامین کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ نعت کی مفصل تاریخ بھی بیان کی اور اس کا سلسلہ حضرت ابوطالب تک ملایا۔ انہوں نے نعت نمبر کے مرتبین کی کاوشوں کو بھی بھرپور خراج عقیدت پیش کیا۔

ادھر جب سے مولانا سراج منیر سعودی عرب سے مستقلاً واپس لاہور پہنچے ہیں ان کے آنے سے ادبی حلقوں کی قسمت پھر سے جاگ اٹھی ہے۔ گو ادبی جلسوں کی شرکت سے ... تقریر دونوں کے بادشاہ ہیں۔ ان کو شخصیت ... ادھر حضرت نے سعودی عرب چھوڑا ادھر داڑھی بھی چھوڑ دی۔ ... حلقۂ ارباب ذوق ... نے ... مضمون ... پڑھا۔ اس اجلاس کی صدارت معروف ... افسانہ نگار ... مہمان ... کراچی ... حسن ... تھے۔ ... حلقہ ارباب ذوق ... شرکت ... ہوا۔

... اس مضمون کا آغاز یوں کیا تھا۔

اب تو صورت حال یہ ہے کہ اگر کسی ادبی یا غیر ادبی تقریب میں ... صاحب کو ... ہے ... اگر ... یا سیاسی ... ہے ... جس کی ... خود ... ہے ... کہ وہ ... ہم ... کچھ ... لوگ ... ہیں۔

موصوف نے سعودی عرب اور داڑھی ایک ساتھ چھوڑے ہیں

اقبال ... بھارت ... شاعر ... کی ... احمد ... نظم ... دیکھئے ... جو ... صبا ... ہی ... دی ...

کراچی

بھارتی ادیبوں کی پاکستان آمد کا سلسلہ جاری!

ریڈیو لاہور کے ہفتہ وار ادبی پروگرام "سنت ... " کی ایک نشست کے شرکاء "عمر ... و دولت ... " پر گفتگو کر رہے ہیں۔ دائیں سے بائیں: احمد محمود خالد، حنیف ... ناصر ... جلال ... کامران، تحسین فراقی۔

بھی جو ہوش آ گئی ہے ہے آج کل ہندوستان کی دو ممتاز شخصیات اظہار اثر اور انور عظیم ... پاکستان میں بہ حیثیت مہمان ہیں ... کے اعزاز میں ... حمید ... کلب ... خان ... کی قیام گاہ پر ایک استقبالیہ دیا ... ادیبوں ... شعری ... حضرت ... آبادی ... جیسے ... دونوں ممتاز ہندوستانی ادیبوں، اظہار اثر اور انور عظیم کا استقبال کرتے ہوئے خوشی محسوس ہوتی ہے ... خلوص و محبت کا جذبہ ... ادیبوں کی ... ہم ... کہا کہ ہندوستان کے ادیبوں اور شاعروں کی پذیرائی کر کے ہمیں بے حد مسرت محسوس ہوتی ہے ... ہندوستان کے ... انسان کی ... خدمت ... کہ ... دونوں ممالک کے ادیبوں اور شاعروں میں محبت کا پیغام ... تقریب کے مہمان اظہار اثر نے اپنی تقریر میں کہا کہ ہمیں یہاں آکر محسوس ہوا کہ پاکستان کے ادیب دوستوں کے دل میں ہندوستانی ادیبوں کے لیے جو خلوص ہے ... ہندوستان میں ... کے لیے بھی ... عقیدت ہے۔ اس کے بعد ... شاعرہ ... ممتاز شعراء نے شرکت کی ... سامعین ... بڑی تعداد ... ایک ... ادبی تقریب ... ہے۔

محمد علی صدیقی کی نئی کتاب

معروف نقاد محمد علی صدیقی کے تنقیدی مضامین کا نیا مجموعہ "توازن" کے نام سے شائع ہو رہا ہے ... مضامین ... مجموعہ ... اداروں کی طرف سے شائع کیا جا رہا ہے ...... واضح رہے کہ چند سال قبل محمد علی صدیقی کے تنقیدی مضامین کا پہلا مجموعہ "توازن" کے نام سے شائع ہوا تھا۔

پھول کھلتے ہیں

... سلطانہ ... کے افسانوں کا مجموعہ "پھول کھلتے ہیں" حال ہی میں شائع ہوا ہے اس کا تعارف ابوالفضل صدیقی نے تحریر کیا ہے۔ ... پر غلام عباس، ڈاکٹر ابوالخیر کشفی ... کی آراء درج ہیں۔

بادشمال

عبدالعزیز خالد

یہ زر نگار بلبلیں زریں قفس میں بند
مجھے نہ دو
گلدان خرمہر میں سجے یہ سفید پھول
مجھے نہ دو
محروم جست و خیز یہ سرکس کے شست شیر
کر سکتے ہیں بس ایک اشارے سے جن کو زیر
مجھے نہ دو
ماہی گھروں کی مچھلیاں مصنوعی بارشیں
سکرین پر ابھرتے یہ طوفان بے خروش
مجھے نہ دو
جو پیٹھ پیچھے میری برائی کریں وہ دوست
بہروپئے جو بھیس بدلتے ہیں نت نئے
لیتے ہیں کام حیلے بہانوں سے پے بہ پے
مجھے نہ دو
ایسے شریک کار جو مطلب پرست ہیں
دارو مدار جن کا دغا بازیوں پہ ہے
مجھے نہ دو
بے اعتبار سفلوں کی بیجا ستائش
بے سر ہوا نے وقت سے پہلے ہی جن کی لے
مجھے نہ دو
وہ فائدہ جو ہو مرے ہمسائے کا زیاں
وہ مال جو فریب دہی سے نصیب ہو
مجھے نہ دو

غزل

پروین شاکر

خوشبو ہے وہ تو چھو کے بدن کو گزر نہ جائے
جب تک مرے وجود کے اندر اتر نہ جائے
خود پھول نے بھی ہونٹ کئے اپنے نیم وا
چوری تمام رنگ کی تتلی کے سر نہ جائے
ایسا نہ ہو کہ لمس بدن کی سزا بنے
جی پھول کا ہوا کی محبت سے بھر نہ جائے
اس خوف سے وہ پیار نبھانے کے حق میں ہے
کھو کر مجھے یہ لڑکی کہیں دکھ سے مر نہ جائے
پلکوں کو اس کی اپنے دوپٹے سے پونچھ دوں
کل کے سفر میں آج کی گرد سفر نہ جائے
میں کس کے ہاتھ بھیجوں اسے آج کی دعا
قاصد، ہوا، ستارہ کوئی اس کے گھر نہ جائے

طیارہ میری تنظیم نے اغوا کیا، میں کابل میں موجود تھا، مُرتضیٰ بھٹو کا اعتراف

"الذوالفقار نے اب تک ۵۴ تخریبی کارروائیاں کی ہیں"

[illegible]

خطرہ پاکستان سے نہیں، افغانستان سے

[illegible]

پاکستانی سفارت خانے کا عارضی دفتر

ٹورانٹو اور اس کے قرب و جوار میں رہنے والے پاکستانیوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ٹورانٹو میں پاکستانی سفارت خانے کا عارضی دفتر ۹ رمئی سے ۱۱ رمئی تک کھلا رہے گا۔ مقام چیلسی اِن، واقع ۳۳ جیرارڈ اسٹریٹ ویسٹ۔ فون نمبر ہوگا۔ (416) 595-1975 اوقات صبح نو تا شام ۵ بجے۔ درمیان میں ایک تا دو بجے دن کھانے کا وقفہ ہوگا۔

سالانہ بازار

ٹورانٹو میں ۱۹ رمئی کو ہربرٹ ماؤنٹ پارک کالجیٹ انسٹی ٹیوٹ واقع ۲۶۴۳ ڈان فورتھ ایوینیو پر ۲ بجے دن ایک بازار لگے گا۔ جس میں جیولری اور کھانے پینے کی چیزیں (گیا ناوالوں کے طرز کی) فروخت کی جائیں گی۔ ہر چیز حلال ہوگی۔ ساری آمدنی خیرات میں دے دی جائے گی۔ اپنے سارے خاندان کے ساتھ اس سہ پہر کا لطف اٹھایئے۔ بچوں کے کھیلنے کے لیئے وسیع جگہ موجود ہے۔ مزید معلومات کے لیئے برادر حسن کو اس نمبر پر فون کیجئے:
757-8573

یہ تحریر اس طرح پڑھیئے جیسے اس پر آپکی زندگی منحصر ہو۔

Read this as if your life depended on it.

اپنے ملازمت کی جگہ پر مشینری اور خطرناک آلات و اشیاء کو احتیاط کے ساتھ استعمال کرنے کے متعلق جاننا خود آپ پر منحصر ہے۔ یہ آپ کو ملازم رکھنے والے کا کام ہے کہ وہ ساری معلومات مہیا کرے اور نگرانی رکھے۔ تاکہ آپ اور آپ کے ساتھی محفوظ رہ کر کام کرسکیں۔

آکوپیشنل ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایکٹ کے تحت آپکو یہ حق پہنچتا ہے کہ اپنے کام کی جگہ پر حفاظتی اقدامات کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور کام کے لیے محفوظ اور صحت مند فضا قائم رکھنے میں حصہ لیں۔

اگر آپ کو اپنے کام کی جگہ پر حفاظت کے بارے میں کوئی مسئلہ درپیش ہے تو اپنے نگران کار سے اس سلسلے میں بات کیجیئے۔
اپنی حفاظت کا خیال رکھنا ہر ایک کی ذمہ داری ہے۔

اِس کام میں حصّہ لیجئے
یہ آپ کے لیئے کارگر ہوسکتا ہے
آپ کے بغیر یہ کارگر نہیں ہوسکتا۔

Ontario Ministry of Labour
Occupational Health and Safety Division
Robert G. Elgie, MD, Minister
William Davis, Premier

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورتِ رشتہ

ہندوستان میں مقیم شریف گھرانے کی مسلمان لڑکی عمر اندرون ۲۰ سال کے لیئے مناسب رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکا خواہ کسی کا ہو لیکن عملی مسلمان ضرور ہو۔ دلچسپی رکھنے والے اپنے کوائف کے ساتھ پتہ ذیل کی معرفت خط لکھیں۔
HASAN C/O AL-HILAL

برائے فروخت

قدرے کم استعمال کی استعمال شدہ کارپیٹ اچھی حالت میں سستے داموں پر فروخت کی جارہی ہے۔ رنگ نیلی مائل سبز، سائز 9x12 ۔ فون کیجئے۔
(416) 493-4374

نمازِ جمعہ

مسی ساگا اور اس کے آس پاس رہنے والے مسلمان بھائیوں کی سہولت کی خاطر نمازِ جمعہ کا اہتمام ذیل کی جگہ پر کیا گیا ہے:
THE HURON PARK
RECREATION CENTRE
MOHAWK ROOM
2460 MAVIS STREET
MISSISSAUGA

برادرانِ ملت سے درخواست ہے کہ اس انتظام سے خود بھی فائدہ اٹھائیں اور اپنے دوسرے بھائیوں کو بھی اطلاع دیں۔ مزید معلومات کے لیے حسن بنّا الفتح کو فون کیجئے۔
823-6327

غیر سُودی تجارت
اسلامی لٹریچر کی طباعت و اشاعت میں سرمایہ لگایئے
معقول منافع
اجر و ثواب تا قیامت
KAZI PUBLICATIONS
1529 N Wells St., Chicago,
Il. 60610, USA

(مختصر اشتہارات ۷ سطر تک مفت شائع کیے جاتے ہیں)

مرتضیٰ بھٹو سے پیپلز پارٹی کا کوئی تعلق نہیں؟

ممتاز اور جام صادق علی کا دعویٰ

لندن ۔۔۔۔۔۔ (نامہ نگار جنگ) پاکستان پیپلز پارٹی کے جلاوطن رہنماؤں سابق گورنر پنجاب ملک غلام مصطفیٰ کھر اور سندھ کے سابق وزیر جام صادق علی نے کہا کہ میر مرتضیٰ بھٹو یا ان کی تنظیم سے پاکستان پیپلز پارٹی یا اس کے رہنماؤں کا کوئی تعلق نہیں ہے ... پیپلز پارٹی ... ملک غلام مصطفیٰ کھر ... پاکستان پیپلز پارٹی ... ایک پریس کانفرنس میں ... بھٹو کی ... قیام پاکستان کے بعد ... قرار دیا۔

شرعی عدالت میں علماء کو کمل اختیارات حاصل ہوں گے: صدر ضیاء

[illegible]

جہیز کم لانے کی سزا

مظلوم کاشا ایک سال تک آہنی زنجیروں میں جکڑی رہی

اودے پور (بھارت) ۔۔۔۔۔۔ (نوائے وقت رپورٹ) غریب والدین کی بدنصیب لڑکی کاشا جو سسرال والوں کی توقعات کے مطابق اپنے ساتھ جہیز نہ لا سکی گزشتہ ایک سال سے گھر کی بالائی منزل میں آہنی زنجیروں میں جکڑی ہوئی ... [illegible]

[illegible]

جھارا اپنے حریف کے مقابلے میں خطرناک نظر آرہا تھا

ینگ جھارا نے حریف گوگا کو ۴۵ سیکنڈ میں بے بس کر دیا

تماشائی ابھی ٹھیک سے بیٹھنے بھی نہ پائے تھے کہ جھارا کی کامیابی کا اعلان ہو گیا

... سال جھارا کا ۲۲۰ پاؤنڈ وزنی خوبصورت جسم دیکھا ... جوش و خروش ... جھارا اپنے حریف کے مقابلے میں ... خطرناک ... [illegible]

جھارا پہلوان گوگا پہلوان کو گرانے کے بعد ...

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں جھارا پہلوان گوگا پہلوان کو داؤ مار رہے ہیں

گوگا پہلوان قذافی اسٹیڈیم لاہور میں ...

... مرحوم پہلوان ... جیتا تھا۔ اسٹیڈیم میں جھارا کے حریف افضل عرف گوگا پہلوان کی آمد پر خلاف توقع تماشائیوں نے ... خیر مقدم کیا۔ تماشائیوں نے گوگا ... [illegible]

عورتوں کی منڈی کے انکشاف پر صحافی کیخلاف کارروائی

انڈین ایکسپریس کے ... [illegible] ... انڈین ایکسپریس ... خریدی جاتی ہیں۔

گرفتاری سے بچنے کیلئے بھارتی صحافی

نے سپریم کورٹ سے رجوع کر لیا

[illegible]

مسجد رہن رکھ کر بینک سے قرضہ لے لیا

والتھم فارسٹ اسلامک ایسوسی ایشن کے صدر برطرف

لندن ۔۔۔۔۔۔ (نامہ نگار جنگ) والتھم فارسٹ اسلامک ایسوسی ایشن کی انتظامیہ کمیٹی نے ایسوسی ایشن کے صدر سلیمان ... [illegible]

[illegible]

سعودی شہزادہ لندن میں مردہ پایا گیا

شاہ خالد کے انتباہ کے باوجود مرحوم کا پوسٹ مارٹم کیا جا رہا ہے

لندن ۔۔۔۔۔۔ (رائٹر) ... سعودی عرب کا ۲۰ سالہ شہزادہ ... مردہ پایا گیا۔ شاہ خالد اور ... [illegible] ... جب تک پوسٹ مارٹم نہ ہو جائے اور موت کی وجہ نہ معلوم کر لی جائے ... پوسٹ مارٹم آج یا بعد کیا جائے گا۔

سندھ میں ۲۰ فیصد افراد پڑھے لکھے ہیں

اسلام آباد ۔۔۔۔۔۔ (نمائندہ جنگ) سندھ میں ... [illegible]

ہارنے اور جیتنے کا فیصلہ "اسکرپٹ" کے مطابق ہوتا ہے

نورا کشتیاں

دنیا میں ہر جگہ لڑی جاتی ہیں



یہ دنیا کا سب سے بڑا سفید جھوٹ ہے

**بہتا ہوا سرخ لہو
ٹوٹا ہوا جبڑا، مڑی ہوئی
ٹانگ یہ سب اداکاری
کے کرشمے ہیں۔**

غزل

قمر سنبھلی

اس قدر گہرا اندھیرا تو کبھی گھر میں نہ تھا
ایک کرن بھی کہیں رات کے منظر میں نہ تھا

زرد چہروں کی قطاریں ملیں شہروں شہروں
ایک قطرہ بھی لہو کا کسی پیکر میں نہ تھا

ایک معصوم بہت، ایک خضر کی صورت
امتیاز اور کوئی رہزن و رہبر میں نہ تھا

اپنی پہچان سے کیوں ہو گئے چہرے محروم
زور اتنا تو ہواؤں کا سمندر میں نہ تھا

شاید اس شہر میں تھا میں ہی گنہگار فقط
کون سا ہاتھ یہاں دستۂ خنجر میں نہ تھا

جانے موڑ پہ کچھ دیر ٹھہر کر دیکھا
اپنا چہرہ کہیں چہروں کے سمندر میں نہ تھا

ظرف دل کا کشادہ ہے بہت سنتے تھے
سائباں کوئی مگر اپنے مقدر میں نہ تھا

کیسے پھر تازہ ہوا لگتی مرے ماحول کو قمر
کوئی روزن کوئی دروازہ ہی جب گھر میں نہ تھا

بلونت گارگی

ملیٹھی والا پان

یہ پان ہمارے جذباتی رشتوں کی علامت بن گیا تھا ۔ وہ کئی بار آدھا پان منہ میں رکھ کر کہتی ہمارے پیار کا رنگ بھی اتنا ہی سُرخ ہے

وہ بولی مجھے نہیں پہچانا ؟ میں ہوں اجیتا ۔

وہ مسکرائی اور میں نے اس کی آنکھوں اور آواز سے اسے پہچان لیا ۔

میں حیران نظروں سے اسے ... دیکھنے لگا ۔۔!!

fortnightly
al-Hilal

VOL.10,NO.4
MAY 5, 1981
Phone: 424-1989, 493-4374

50 ¢

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

طیارہ اغوا کرنے والے تینوں دہشت پسند کابل پہنچ گئے

دہشت پسندوں کے ساتھ رہا شدہ ۲۵ قیدی بھی افغانستان گئے

کابل میں مرتضیٰ اور شاہ نواز بھٹو نے دہشت پسندوں کا خیر مقدم کیا

دہشت پسندوں اور رہا شدہ قیدیوں نے شامی پاسپورٹ پر سفر کیا

ہم پاکستان کے صدر ضیاء الحق کے دشمن ہیں۔ سردار مظہر علی

ہائی جیکروں نے مجھے عذاب قبر سے نجات دلائی

نصرت بھٹو اور بے نظیر بھٹو

الجھے کے تلاطم میں قید

دلائی کا مزہ

شاہی حکام کا شکریہ

شامی پاسپورٹ سے آئے

حکومت کی واضح ہدایات کے باوجود شہر کے ۲۲ پرائیویٹ اسکول انگریزی کو بدستور ذریعہ تعلیم بنائے رکھنے کی ضد قائم ہیں



بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ

الہلال

ٹورنٹو کینیڈا

- سالانہ زر خریداری برائے "الہلال": دس ڈالر
- سالانہ زر خریداری برائے "کریسنٹ": دس ڈالر
- سالانہ زر خریداری برائے "الہلال و کریسنٹ": سترہ ڈالر

کوپن خریداری

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

زر خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھیے اور ذیل کے پتہ پر بھیجیے

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور تحفہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگائیے ☐